بینک دولت پاکستان
شعبہ انفراسٹرکچر، مکاناتی اور ایس ایم ای مالکاری
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر لیٹر نمبر 1 برائے 2021ء                    22 جنوری 2021ء

صدور / چیف ایگزیکٹو افسران،
تمام بینک

محترم / محترمہ،

## برآمدی مالکاری اسکیم - منفی فہرست

براہِ کرم محولہ بالا عنوان کے حوالے سے بی پی ڈی سرکلر نمبر 5 بتاریخ 24 فروری 2003ء اور آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر لیٹر نمبر 12 بتاریخ 27 اگست 2015ء سے منسلک منفی فہرست ملاحظہ کیجیے۔

2۔ اس ضمن میں مویشیوں کے گوشت کی برآمدات، تازہ یا ٹھنڈا یخ (ایچ ایس کوڈ 0201)، اور بھیڑ / بکری کے گوشت، ٹھنڈا یخ یا منجمد (ایچ ایس کوڈ 0204) کو برآمدی مالکاری اسکیم کے تحت، برآمدی نومالکاری سہولت کا اہل بنادیا گیا ہے۔ چنانچہ منفی فہرست کے آئٹم نمبر 3 میں درج ذیل تبدیلیاں کر دی گئی ہیں۔

| نمبر شمار | اشیا | ہم آہنگ کوڈ | |
|---|---|---|---|
| | | مرکزی ایچ ایس آئی ٹی سی | ذیلی سرخی نمبر |
| 3۔ | ماسوائے مٹن اور بیف کے منجمد اور محفوظ شدہ گوشت کے | 02.02<br>02.03 | ماسوائے مویشیوں کے گوشت تازہ یا ٹھنڈا یخ (ایچ ایس کوڈ 0201)، اور بھیڑ / بکریوں کے گوشت تازہ یا ٹھنڈا یخ (ایچ ایس کوڈ 0204) کے |
| | | 02.06 | ماسوائے مویشیوں کی منجمد اور محفوظ شدہ قابلِ استعمال اوفل (Offals) کے جس کا احاطہ ایچ ایس کوڈ نمبر 02062900 میں ہوتا ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ماسوائے .0208.20 . مینڈک کی ٹانگیں | 02.08<br>16.01<br>16.02 | | |

براہ کرم وصولی سے مطلع فرمائیے۔

آپ کا مخلص

(ڈاکٹر میاں فاروق حق)

ڈائریکٹر